ilmkidunya

علم کی دنیا

Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Preparation

Q1. نکاح سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اسلام نے نکاح کو خاندان کی بنیاد بنایا ہےجس کی رو سے مرد عورت ایک پاکیزہ اور مقدس بندھن میں بندھ کر اکھٹے زندگی بسر کرتے ہیں.

Q2. قومیت کا جذبہ پیدا کرنے میں مشترکہ علاقہ کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: ایک جگہ پر رہنے والے لوگوں میں تہذیبی اور ثقافتی یگانگت پائی جاتی ہے.مثلاً ہم جس محلے یا علاقے میں رہتے ہیں اس کے لوگوں سے ہماری محبت دوسرے علاقوں کے لوگوں سے زیادہ ہوتی ہے،جذبہ قومیت بھی مشترکہ علاقے کی بنیاد پر پروان چڑھتا ہے.

Q3. کمیونٹی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کمیونٹی افراد کے ایسے گروہ کو کہتے ہیں جو مشترکہ احساسات و اقدار کی بنا پر منظم و مربوط ہو ایک خاص علاقے میں رہائش پذیر ہو.

Q4. پرفیسر ٹی ایچ گرین معاشرے کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

Ans 1: پرفیسر ٹی ایچ گرین معاشرے کے بارے میں کہتا ہے کہ معاشرے میں کھلا ڑیوں کے علاوہ کھیل کا میدان بھی شامل ہے یعنی وہ صرف انسان کو معاشرے میں شامل نہیں سمجھتا بلکہ اس جگہ کو بھی معاشرے میں شامل کر دیتا ہے.جہاں افراد رہتے ہیں.

Q5. مشترکہ خاندان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جن خاندانوں میں اکھٹے رہنے کا رواج ہوتا ہے وہ مشترکہ یا مخلوط خاندان کہلاتے ہیں.یہ خاندانی نظام زیادہ تر مغرب میں رائج ہے.

Q6. نظریہ تخلیق ربانی پر مختصر نوٹ لکھیں.

Ans 1: نظریہ معاہدہ عمرانی سب سے پہلے پیش ہونے والا نظریہ ہے اس کے حامیوں کا خیال ہے کہ ریاست کا خالق خود اللہ تعالیٰ ہے. خود ریاست کو اُس نے تخلیق کیا اور حکومت بھی اُس کی طرف سے حکمرانوں کو عطا ہوئی ہے. اس نظریہ کے حامی حکمران کو دنیاوی اور دینی شعبوں میں عوام کا راہبر اور مقتدر اعلیٰ تسلیم کیا جاتا ہے.

Q7. بچے کی پرورش میں خاندان کیا کردار ادا کرتا ہے؟

Ans 1: بچہ جب اس دنیا میں تشریف لاتا ہے تو وہ بے بس و لاچار ہوتا ہے.اگر اس کو خاندان کی محبت اور توجہ نہ ملے تو وہ چند گھنٹوں میں مر جائے ویسے بھی انسانی بچے کی پرورش ایک طویل اور صبر آزما کام ہے.اس کو خوراک.تعلیم اور لباس کی ضرورت ہوتی ہے.خاندان اس کو یہ سب مہیا کرتا ہے.بچپن سے لے کر جوانی تک جب تک وہ اپنے پاؤں پر کھڑا نہ ہو جائے اس کی پرورش کی ذمہ داری خاندان پوری کرتا ہے.

Q8. علیحدہ خاندان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جہاں بیوی،شوہر اور بچے الگ سے رہیں وہ علیحدہ خاندان کہلاتا ہے.ترقی یافتہ ممالک میں اس خاندان کی طرف لوگوں کا رجحان بہت زیادہ ہے.

Q9. میک آئیور کے نزدیک کمیونٹی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: "میک آئیور کے نزدیک کمیونٹی کی تعریف یہ ہے کہ: " تمام شعبوں میں مشترکہ زندگی گزارنے والوں کو کمیونٹی کہتے ہیں.

Q10. معاشرے کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: معاشرہ انگریزی زبان کے لفظ سوسائٹی کا ترجمہ ہےجو لاطینی زبان کے لفظ سوشس سے اخذکیاگیا ہے جس کے لغوی معنی ساتھی کے ہیں.گویا معاشرے سے مراد ساتھیوں کا گروہ یا مجموعہ ہے.